

# اپنے حقوق جانیں

## البرٹا کا گھریلو تشدد کے خلاف تحفظ کا قانون

(PAFVA) (Protection Against Family Violence Act)

معلوماتی صفحہ

سٹیٹسٹکس یعنی شماریات یہ دکھاتے ہیں کہ کینیڈا میں تمام تشدد کے جرائم کے 22 فیصد میں مظلوم کے خاندان کا رکن ملوث تھا ۔[1]

## گھریلو تشدد کیا ہے ؟

گھریلو تشدد خاندان کے ، اعتماد یا محتاجی کے رشتوں میں طاقت کا ناجائز استعمال ہے جو ایک دوسرے شخص کی بقا ، سلامتی یا فلاح و بہبود کو خطرے میں ڈال دیتا ہے ۔ گھریلو تشدد میں شامل ہوسکتے ہیں ازدواجی تشدد (شادی شدہ یا قانونی شریکِ حیات) ، عمر میں بڑے بالغ کے ساتھ بدسلوکی یا عدم توجہی ، بچے کے ساتھ بدسلوکی اور عدم توجہی ، بچے کے ساتھ جنسی بدسلوکی ، والدین کے ساتھ بدسلوکی ، اور خاندان میں دوسروں کے ساتھ بدسلوکی کا سامنا ۔[2] گھریلو تشدد میں مندرجہ ذیل میں سے کچھ یا سب برتاؤ شامل کئے جاسکتے ہیں : جسمانی بدسلوکی ، نفسیاتی بدسلوکی ، مجرمانہ طریقے سے ہراساں کرنا/تعاقب کرنا ، زبانی بدسلوکی ، جنسی بدسلوکی ، مالی بدسلوکی اور روحانی بدسلوکی ۔ گھریلو تشدد کے شکاروں میں شامل ہیں سیر و تفریح کے لئے اکھٹے باہر جانے والے مرد اور عورت ، ازدواجی جوڑے (شادی شدہ یا قانونی شریکِ حیات) ، LGBTQ* کے زمرے میں آئے ہوئے رشتے ، بچے ، تیرہ اور انیس سال کے درمیان کے نوعمر ، لاچار لوگ اور زیادہ عمر کے بالغ ۔

## *آپ اکیلے نہیں ہیں*

اگر آپ بدسلوکی کے رشتے میں پھنسے ہوئے ہیں ، تو جاننے کے لئے اہم ترین بات یہ ہے کہ آپ اکیلے نہیں ہیں اور آپ بدسلوکی کے حق دار نہیں ہیں ۔ آپ کو یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے کہ بچے جو گھریلو تشدد کے شاہد ہیں ان پر بھی اتنا ہی اثر ہوتا ہے جتنا ان لوگوں پر جو گھریلو تشدد کا تجربہ براہِ راست کر رہے ہیں ۔ گھریلو تشدد ایک جرم ہے ، اور آپ اور آپ کے بچوں کے تحفظ کے لئے مدد دستیاب ہے ۔

### قانون آپ کی کیسے حفاظت کرسکتا ہے

البرٹا کا *گھریلو تشدد کے خلاف تحفظ کا قانون* *(Protection Against Family Violence Act)* گھریلو تشدد کے شکار مظلوموں کی 1999 سے حمایت کررہا ہے ۔ نومبر 1 , 2006 سے نافذ کی گئیں قانون میں تبدیلیاں گھریلو تشدد کے شکار لوگوں کو بہتر تحفظ مہیا کرتی ہیں ۔ *گھریلو تشدد کے خلاف تحفظ کا قانون* گھریلو تشدد کے شکارخاندان کے **تمام** افراد کا تحفظ کرتا ہے ۔ قانون اب رشتہ داروں کا تحفظ ممکن بناتا ہے بلا لحاظ اس کے کہ بدسلوکی کرنے والا اور بدسلوکی کا شکار اکھٹے رہ رہے ہیں یا نہیں ۔ قانون کے تحت ان لوگوں کا تحفظ بھی کیا جاتا ہے جن کا تعاقب خاندان کا ایک فرد یا سابقہ شریکِ حیات کررہا ہو ۔

* جنسی بندھن میں دو عورتیں ، دو مرد (lesbian, gay) ،ایک مرد یا عورت جس کا جنسی رشتہ مرد اور عورت دونوں سے ہے (bisexual) ، مرد یا عورت جو پیدائشی دوسری جنس کے تھے (transgendered ) ، مرد جس میں عورت کی خصوصیات نمایاں ہوں یا عورت جس میں مرد کی خصوصیات نمایاں ہوں (trans-identified) ، فرد جس میں عورت اور مرد دونوں کی خصوصیات ہوں (two-spirited) ، ایسے شخص جن کا جنسی رجحان نارمل نہ ہو (queer) ۔



## ***گھریلو تشدد کے خلاف تحفظ کے قانون*** **کے پاس تحفظ کے تین آلے ہیں :**

### 1. ہنگامی تحفظ کا آرڈر (EPO) (Emergency Protection Order)

EPO گھریلو تشدد کے شکار مظلوموں کے فوری تحفظ کا ایک طریقہ ہے ۔ ایک EPO گھریلو تشدد کے شکار مظلوموں کو قانونی تحفظ فراہم کرتا ہے --- یہ ایک جرم کا الزام نہیں ہے ۔ ایک EPO ایک بدسلوکی یا تشدد کرنے والے کو حکم دے سکتا ہے کہ وہ ان جگہوں پر مت جائے جہاں بدسلوکی یا تشدد کا شکار باقاعدگی سے جاتا ہے اور تشدد کے شکار سے رابطہ نہ کرے ۔ EPO تشدد کے شکار کو گھر میں رہنے کی اجازت اور تشدد یا بدسلوکی کرنے والے کو گھر چھوڑنے کا حکم دےسکتا ہے ۔ یہ دیگر شرائط بھی عائد کرسکتا ہے جو تشدد کے شکار اور خاندان کے دوسرے افراد کے فوری تحفظ فراہم کرنے کے لئے ضروری ہوں ۔

**EPO حاصل کرنے کی کوئی لاگت نہیں ۔** بچوں اور نوعمر نوجوانوں کے لئے سروسز (Children and Youth Services) کے کارندے اور پولیس دن میں 24 گھنٹے ، ہفتے میں ساتوں دن ، EPO کے لئے درخواست دے سکتے ہیں ۔ تشدد کے شکار براہِ راست صوبائی عدالت میں آرڈر کے لئے عدالت کے اوقاتِ کار میں درخواست دے سکتے ہیں ۔ ضروری ہے کہ ایک EPO کی کوئینز بینچ کی عدالت میں نظرثانی کے لئے نو کام کے دنوں کے ختم ہونے سے پہلے تاریخ مقرر ہو ، اس کے بعد جبکہ آرڈر سے منسلک معلومات کی نظرثانی کی اجازت دے دی گئی ہو ۔ نظر ثانی کے موقع پر ، جج اس کا تعین کرے گا کہ کونسا ، اگر کوئی بھی ، مزید حکم دیا جائے ۔

### 2. کوئینز بینچ پروٹیکشن آرڈر (Queen’s Bench Protection Order)

کوئینز بینچ پروٹیکشن آرڈر(Queen’s Bench Protection Order) بہت سی ایسی چیزوں سے نپٹتا ہے جن سے ایک ای پی او (EPO) نپٹتا ہے ۔ جہانکہ ایک EPO گھریلو تشدد کے شکار کے فوری تحفظ کے لئے ہے ، ایک کوئینز بینچ پروٹیکشن آرڈر ایک لمبے عرصے کی پلان بنانا اور تحفظ فراہم کرسکتا ہے ۔ ایک کوئینز بینچ پروٹیکشن آرڈر ایک سال کے لئے صادر کیا جاسکتا ہے ۔ ایک کوئینز بینچ پروٹیکشن آرڈر کے ساتھ اضافی شرائط شامل کی جاسکتی ہیں ۔ مثال کے طور پر ، یہ تشدد کرنے والے کو حکم دے سکتا ہے کہ وہ تشدد کے شکار کو پیسے کا یا مالی نقصان واپس کرے جو گھریلو تشدد کے باعث ہوا ہے ، یہ بتا سکتا ہے کہ کونسا فریق عارضی طور پر ذاتی جائداد کا مالک ہو سکتا ہے ، یہ تشدد کرنے والے کو مشاورات اور نصیحت حاصل کرنے کا حکم دے سکتا ہے اور دونوں سرپرستوں کی رضامندی کے بغیر یہ ایک بچے کے لئے مشاورت اور صلاح مشورے کے اختیار دے سکتا ہے ۔ ایک کوئینز بینچ پروٹیکشن آرڈر تب عطا کیا جا سکتا ہے جب ایک ہنگامی تحفظ کے آرڈر (EPO) پر نظر ثانی کی جاتی ہے ۔ اس کے لئے درخواست صرف تشدد کا شکار کرسکتا ہے ۔ ایک کوئینز بینچ پروٹیکشن آرڈر کے لئے درخواست براہِ راست بھی دی جا سکتی ہے (بغیر پہلے EPO کے) ۔

### 3. وارنٹ جو داخل ہونے کی اجازت دیتا ہے (Warrant Permitting Entry)

ایک وارنٹ جو داخل ہونے کی اجازت دیتا ہے (Warrant Permitting Entry) ایک پولیس افسر کو خاندان کے ایک فرد کو ڈھونڈنے ، اس کی مدد کرنے ، یا اس سے تفتیش کرنے کے لئے اور ، ان کی رضامندی کے ساتھ ، ایک تشدد کے شکار کی حفاظت کے لئے اسے لے جانے کے لئے ایک ایسی جگہ داخل ہونے کی اجازت دیتا ہے جس کی نشاندہی وارنٹ میں کی گئی ہو ۔ ایک وارنٹ کے لئے درخواست جو داخل ہونے کی اجازت دیتا ہے صرف پولیس کر سکتی ہے ۔

## *مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں*

*گھریلو تشدد کے خلاف تحفظ کے قانون (Protection Against Family Violence Act)* کے بارے میں اضافی معلومات کے لئے یا گھریلو تشدد کی روک تھام کے بارے میں مزید جاننے کے لئے ، بغیر چارج کے 24-گھنٹے گھریلو تشدد کی معلوماتی لائن (Family Violence Info Line) **310-1818** پر فون کریں یا انٹرنیٹ پر البرٹا بچوں اور نوعمر نوجوانوں کی سروسز (Alberta Children and Youth Services) سے **www.familyviolence.alberta.ca** پر رابطہ کریں ۔ قانونی مدد کا صوبائی دفتر (Provincial Legal Aid Office) بھی معلومات فراہم کرسکتا ہے کہ ایک EPO یا ایک کوئینز بینچ پروٹیکشن آرڈر کیسے حاصل کیا جاسکتا ہے ۔ بغیر چارج کے **310-0000** نمبر پر فون کریں اور کہیں کہ آپ کو **(780) 427-7575** سے ملا دیا جائے ۔

## مدد لیں

**اگر آپ کو یا کسی ایسے کو جسے آپ جانتے ہیں فوری خطرہ ہے ، تو 911 کو فون کریں ۔** اپنی کمیونٹی یا آبادی میں مدد کے لئے یا مزید معلومات کے لئے ، مہربانی کرکے بغیر چارج کے 24-گھنٹے گھریلو تشدد کی معلوماتی لائن (Family Violence Info Line) **310-1818** پر فون کریں یا انٹرنیٹ **www.familyviolence.alberta.ca** پر جائیں ۔ البرٹا بچوں اور نوعمر نوجوانوں کی سروسز (Alberta Children and Youth Services) کو فخر ہے کہ وہ البرٹا میں گھریلو تشدد اور دھونس جمانے اور ستانے کی روک تھام کے لئے شروعات (Alberta’s Prevention of Family Violence and Bullying Initiative) کی قیادت کررہا ہے ۔


[1] Ogrodnik, L. (Ed.). (2008, October). *Family violence in Canada: A statistical profile 2008* (Catalogue No. 85-224-X). Ottawa, ON: Statistics Canada.
اوٹاوا ، اونٹیریو : سٹیٹسٹکس کینیڈا - http://www.statcan.gc.ca/pub/85-224-x/85-224-x2008000-eng.pdf سے لیا گیا ۔

[2] Alberta Children and Youth Services (2004). *Alberta Roundtable on Family Violence and Bullying: Finding solutions together*. Edmonton, AB: Queen’s Printer.
http://www.child.alberta.ca/home/documents/familyviolence/rpt_opfvb_finding_solutions_high.pdf سے لیا گیا ۔